Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

نمبر ۲۲	بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم	جلد ۴۲

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۴ محرم الحرام ۱۳۴۹ھ مطابق ۲ جون ۱۹۳۰ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر الاونس اسسٹنٹ سرجن [illegible]	۱
۲	منظوری [illegible]	۲
۳	[illegible]	۳
۴	[illegible]	۴
۵	[illegible]	۵
۶	نسبت [illegible] داخل شدہ	۶و۷
۷	[illegible]	۷
۸	[illegible]	۸
۹	[illegible]	۹
۱۰	نسبت [illegible]	۱۰
۱۱	[illegible]	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

الاونس

۱۵ مئی ۱۹۳۰ء

حسب صراحت رپورٹ ڈاکٹر جواہر پرشاد اسسٹنٹ سرجن کو یکم مئی ۱۹۳۰ء سے بیس روپیہ ماہانہ الاونس دیا جانا منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض عرض میرسانہ

جناب عالی

پاسٹور انسٹیٹیوٹ کے برانچ کے اجراء کے سلسلہ میں چیف میڈیکل افسر صاحب نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ ڈاکٹر جواہر پرشاد اسسٹنٹ سرجن کو کام سیکھنے کے لیے کسولی بھیجا جائے اور یہ برانچ صدر شفاخانہ میں رہے۔ شفاخانہ کے برانچ میں رہے۔ اور چیف میڈیکل نے یہ بھی تجویز کیا ہے کہ ڈاکٹر جواہر پرشاد کو بیس روپیہ ماہوار الاونس یکم مئی ۱۹۳۰ء سے دیا جائے تاکہ کسولی کے مصارف میں علاوہ بھتہ وغیرہ کے اس الاونس سے بھی مدد ملے۔ جملہ کاغذات ہمراہ عرضداشت بامید صدور حکم مناسب ارسال اجلاس ہمایون ہین۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مورخہ ۱۴ مئی ۱۹۳۰ء

از اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۲۰ مئی ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

ٹیکہ سائیڈ کی گندم

۱۵ مئی ۱۹۳۰ء

مسودہ ورود کاغذات رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری ٹیکہ سائیڈ کی گندم معارف سامان باورچیخانہ ہندوستانی بنرخ چار آنہ فی من ابتدا اپریل ۱۹۳۰ء لغایت مارچ ۱۹۳۱ء بنام برج موہن لال بشرائط سابقہ

حکم

بموجب رپورٹ ٹیکہ سائیڈ کی گندم معارف باورچیخانہ ہندوستانی سامانداری بنرخ چار آنہ فی من بڑانے یکسال من ابتداء اپریل ۱۹۳۰ء لغایت مارچ ۱۹۳۱ء بنام برج موہن لال ٹیکہ دار منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

نقل صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۰ مئی ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

توسیع

۲۴ مئی ۱۹۳۰ء

بموجب رپورٹ سید اولاد نبی ڈرائنگ ماسٹر کی مدت ملازمت میں چھ ماہ کی مزید توسیع منظور کیجاتی ہے۔ بغرض اجرائے احکام کاغذات واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

معروض — جناب عالی — سیر سائد

سید اولاد نبی ڈرائنگ ماسٹر ہائی اسکول کو تنخواہ پچیس روپیہ ماہوار تا چھ ماہ کے لئے منظور فرمایا گیا تھا جسکی میعاد ۲۵ مئی ۱۹۳۰ء کو ختم ہو گی۔ لہذا گزارش ہے کہ سید اولاد نبی کی ملازمت میں ۲۶ مئی ۱۹۳۰ء سے چھ ماہ کی توسیع منظور فرمائی جائے۔ دولت اقبال جاوید باد۔

عرضی دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
مورخہ ۲۲ مئی ۱۹۳۰ء

از اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۹ مئی ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سینیئر ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۱۹ مئی ۱۹۳۰ء

حقوق قطع درختان از کھیت ہائے نقشی موروثی کاشتکاران کے متعلق اس سے پیشتر جو چند احکام جاری ہوئے ہیں ان میں صرف قطع درختان کا حق کاشتکاران کو عطا ہوا ہے۔ آج ایک مسل تحصیل شاہ آباد کی ہمارے ملاحظہ سے گزری جس میں تحصیلدار صاحب شاہ آباد نے مرتفع شدہ بانس جو کہ کاشتکاران نو آباد کی چھپر بندی کے لئے چند آراضی موروثی میں چند بانس سے بتراضی کاشتکار بقیمت ملنے کی رپورٹ کی۔ مسل متعلقہ بحضور کے لئے اس امر کی صراحت کی ضرورت ہے کہ صرف درختان کو جو کاشتکاران موروثی اپنے کھیت موروثی سے باغراض کاشتکاری ہل پھاوڑی وغیرہ کے لئے مطابق احکام مجریہ درخت تعداد معینہ کے اندر قطع کرنے کے مجاز ہیں لیکن بانس اگر کسی کاشتکار کے کھیت موروثی میں واقع ہوں تو وہ انکے قطع کرنیکا مجاز نہیں ہو سکتا ہے کیونکہ بانس درخت کی تعریف میں داخل نہیں ہے نہ اس سے کوئی آلات کشاورزی تیار ہو سکتے ہیں البتہ اگر اس کاشتکار کو اپنی ضرورت چھپر بندی وغیرہ کے لئے بانس کی ضرورت پیش آئے تو درخواست دیکر بقیمت خرید سکتا ہے بانس کے قطع کرنیکا وہ بلا ادائے قیمت مستحق نہیں ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ بنام جملہ تحصیلداران صاحبان و حاکم صاحب صدر و مہتمم بندوبست و نیز راستہ دار صاحب صدر بحافظ دفتر صدر جاری ہوں۔ ایک نقل اندراج گزٹ کے لئے مطبع کو مرسل ہو۔ ایک نقل شامل یک اجلاس میں چسپاں کیجائے۔

دستخط صاحب سینیئر ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سینیئر ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۲۰ مئی ۱۹۳۰ء

موضع پی ناصل آباد پرگنہ شاہ آباد میں مستاجر نے ایک جدید کاشتکار آباد کیا ہے اور مستاجر کی درخواست ہے کہ پاہیکاشتکار کی آراضی نکالکر نو آباد کاشتکار کو دینے کی اجازت دیجائے۔ چونکہ ابھی جدید قانون نافذ نہیں ہوا ہے لہذا دستور عامہ کی دفعہ ۱۵ کے موافق ایسی صورتوں میں عمل ہو گا۔ لیکن علاوہ اسکے ایک جدید صورت غور طلب یہ ہو گئی ہے کہ پاہیکاشتکار کو مستند دخیلکاری دیدی گئی ہیں اور انسے رقم نذرانہ وصول کر لی گئی ہے لہذا اسکی وضاحت کی ضرورت ہے کہ جس پاہیکاشت کو سند دیجا چکی ہے اور رقم نذرانہ وصول کر لی گئی ہو اگر اسکی آراضی حسب قاعدہ نکالنے کی نوبت آئے تو کیا عمل ہونا چاہئے۔ اسکی نسبت حسب ذیل تجویز کیجاتی ہے۔

جب کسی پاہیکاشتکار کی کل آراضی نو آباد کاشتکار کو دینے کے لئے حسب ضابطہ باجازت صیغہ مال نکالی جائے اور اس پاہیکاشت کو سند دیجا چکی ہے تو مستاجر کو لازم ہو گا کہ جو رقم نذرانہ اس پاہیکاشت سے لیگئی ہے وہ اسکو واپس کر دے اور اس سے سند واپس لیکر تحصیلدار کے روبرو پیش کرے لیکن اگر پاہیکاشت کی جزو آراضی مستند سند سے نکال جائیگی تو سند پر اسکا نوٹ کر دیا جائیگا۔ لیکن اسکو رقم نذرانہ واپس کرنا ضروری نہ ہو گا۔

تحصیلدار صاحب کے روبرو جب کوئی معاملہ اس قسم کا پیش ہو تو انکو لازم ہے کہ پاہیکاشت سے آراضی نکالنے کی اجازت دینے سے قبل مستاجر سے رقم نذرانہ اس پاہیکاشتکار کو جسکی آراضی

نکالنے اپنے روبرو رکھے ہیں اور سند وکیلکاری واپس لے لی ہے۔ اگر کوئی حکم جدید بابت آراضی یا بیکاٹ تحریر ان کی نکالنے کی بابت ہوا ہے تو وہ حکم بھی اس روبکار کے احکام کا تابع ہوگا۔ لہذا

حکم ہے کہ

ایک ایک نقل اس روبکار کی جملہ تحصیلدار صاحبان کے پاس بھیجی جائے۔ اور ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۲۰ مئی ۱۹۳۰ء

وکلاء مشروطہ بہ امتحان میں سے نثار احمد خان وکیل درجہ دوم امتحان میں شریک نہیں ہوئے اور تین وکلاء رنج بہادر وکیل درجہ دوم و محمد مختار خان وکیل درجہ دوم و محمد مقبول وکیل درجہ دوم امتحان میں فیل ہوئے ہیں لہذا ان چاروں وکلاء کی سندیں مشروط بامتحان منسوخ کیجاتی ہیں۔ آیندہ انکو کسی عدالت میں بحیثیت وکیل کسی کارروائی کی اجازت نہیں ہے ان وکلاء کے پاس جو مقدمات ہیں انکا انفصال کرا دیا جائے یعنی ان مقدمات کے کاغذات موکلوں کو واپس کرا دیے جائیں۔ اور خواہ وہ محنتانہ واپس کریں خواہ دوسرے وکیل کا انتظام کر دیں۔

حکم ہے کہ

روبکار ہذا کی ایک ایک نقل جملہ عدالتہائے ماتحت کو بھیجی جائے۔ اور ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مسدودی مدرسہ

۲۰ مئی ۱۹۳۰ء

چونکہ باشندگان موضع سمرالا ٹپور تحصیل سوار کو خالص ہندی کی تعلیم پر اور ہندو مدرس مقرر ہونے پر اصرار ہے۔ دوسری صورت میں وہ اپنے لڑکوں کو مدرسہ میں بھیجنے سے انکار کرتے ہیں۔ لہذا مدرسہ سمرالا ٹپور مسدود کیا جاتا ہے۔ اور عبد الصادق مدرس سمرالا ٹپور تنخواہ دار ۸ ماہوار کا تبادلہ مدرسہ قمر یار پرگنہ حضور تحصیل میں کیا جاتا ہے۔ لہذا

حکم ہے کہ

حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادلہ

۲۰ مئی ۱۹۳۰ء

مدرسہ مانڈہ خاص میں تعداد طلباء زائد ہونے کی بنا پر مدرس اول نے ایک جدید مدرس کے تقرر کی درخواست کی ہے۔ بالفعل مدرسہ کیمپور میں پچیس سوا میں تعداد طلباء علاوہ قرآن شریف پڑھنے والے طلباء کے صرف چالیس رہ گئے ہیں جن میں ۳۰ - ۲۵ سے زائد کی حاضری نہ ہوتی ہوگی۔ ایسی حالت میں مدرس دوم کی ضرورت نہیں ہے۔ لہذا ظاہر حسین نائب مدرس مدرسہ کیمپور تحصیل سوار تنخواہ دار ۸ ماہوار کا تبادلہ مدرسہ مانڈہ خاص میں نائب مدرس پر کیا جاتا ہے بالفعل مدرسہ کیمپور میں نائب مدرس نہیں رہیگا۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۶ مئی ۱۹۳۰ء

مثل رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل دربارہ اضافہ کمشن بہار بلال جمعدار قانونگوی حضور تحصیل مشاہرہ دار ۸ بوجہ حسن انجام دہی خدمت متعلقہ۔

حکم

بلحاظ عمدگی کام دہی تنخواہ ایک روپیہ اضافہ کمشن بہار بلال جمعدار کی تنخواہ میں سر دست بابت کیجائے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۴ مئی ۱۹۳۰ء

مثل رپورٹ تحصیلدار صاحب بلاسپور دربارہ منظوری رخصت عنایت حسین خان منصرم نو آبادی بوجہ علالت۔

حکم

عنایت حسین خان منصرم نو آبادی بوجہ علالت ۳ ماہ کی رخصت چاہتا ہے تحصیلدار صاحب نے بجائے عنایت حسین خان کے جمیل حسن امین سے ۸ مئی ۱۹۳۰ء سے کام لینا شروع کر دیا ہے۔ اور ۹ مئی ۱۹۳۰ء سے امیر حسن امیدوار سے بجائے جمیل حسن کے کام لیا گیا ہے۔ عنایت حسین خان کی تنخواہ ۸ ہے اور بوجہ علالت کے رخصت چاہی جاتی ہے۔ لہذا اسکو بھی کچھ حصہ تنخواہ کا ملنا چاہیے لہذا حکم ہوا کہ جمیل حسن امین کو بالعوض پیمائش کارکردگی تنخواہ عنایت حسین میں سے ۸ دیے جائیں وہ تنخواہ میں اپنی اصلی کے پائے۔ اور جمیل حسن کی جگہ امیر حسن کام لیا جائے اور ۸ تنخواہ دیجائے۔ بقیہ ۸ عنایت حسین خان کو دیے جائیں۔ یہ انتظام ۳ ماہ کے لیے کیا جاتا ہے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپ کر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابت ابتدائے ہفتہ چہارم ماہ مئی سنہ ۱۹۳۰ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			[illegible]	[illegible]			دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص			[illegible]	[illegible]			
نخود گسنہ آمیز			[illegible]	[illegible]			
جو			۱۴ر	۱۳ر			
ماش			۵ر	۵ر			
مونگ			۰	[illegible]			
مکا			۱۶ر	۱۸ر			
جنی			۱۲ر	۱۱ر			
جو چنی			۱۴ر	۱۲ر			
مسور			۹ر	۹ر			
ارہر			۱۰ر	۸ر ۹ر			
برنج			۵ر	۵ر			
روغن زرد			۵ چھٹانک	[illegible]			
روغن سیاہ			سرسوں [illegible] السی [illegible]	[illegible]			
روغن گجند			۰	[illegible]			
نمک سانبہر			۱۲ر	۱۰ر			
نمک لاہوری			۸ر	۰			
قند سیاہ			۶ر	۴ر			
باجرہ			۰	۰			

نقشہ گوشوارہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

نام پرگنہ	تفصیل پیدائش: مرد – مسلمان	مرد – ہنود	عورت – مسلمان	عورت – ہنود	میزان	تفصیل مذہب – مسلمان	تفصیل مذہب – ہنود	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک – مرد	ایک سال سے ۵ سال تک – عورت	۶ سال سے ۱۰ سال تک – مرد	۶ سال سے ۱۰ سال تک – عورت	۱۲ سال سے زیادہ – مرد	۱۲ سال سے زیادہ – عورت	میزان – مرد	میزان – عورت	تفصیل مذہب – مسلمان	تفصیل مذہب – ہنود	تفصیل مرض							میزان کل	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	
[illegible]	۳۲	۹	۲	۷	۲۹	۳۸	۴۰	۲۰	۹	۳	۲	۱۷	۱۵	۴۱	۲۶	۵۴	۱۲	۰	۳	۰	۲۵	-	-	-	۴۸	
[illegible]	۱۵	۲	۵	۳	۲۵	۳۰	۵	۴	۲	۱	۱	۱۰	۱۳	۱۸	۱۸	۳۱	۵	۰	۱	۳۵	۰	۰	۰	-	۳۹	
حوالی شہر	۲۱	۱۰	۱۳	۱۲	۲۸	۳۳	۳۲	۱۴	۹	۳	۱	۳۰	۱۵	۳۹	۲۵	۳۵	۲۶	۰	۰	۹۳	۰	۰	۰	-	۹۳	
عظیم نگر	۳۳	۲۱	۱۴	۱۴	۴۲	۳۷	۳۵	۴	۸	۰	۱	۲۲	۲۲	۲۹	۳۱	۳۵	۲۸	۰	۴	۰	۵۵	۰	۰	۰	۵۹	
شاہ آباد	[illegible]	۲۶	۷	[illegible]	۴۰	۱۷	۲۱	۳۸	۳۱	۹	۷	۱۲	۱۱	۹۳	۵۳	۳۲	۸۰	۰	۵۰	۰	۹۳	۰	۲	۰	۱۱۲	
[illegible]	۷	۲۵	۰	۲۳	۱۷	۱۵	۸۴	۲۳	۲۱	۱۲	[illegible]	۵	۸	۴۲	۳۰	۱	۹۱	۰	۳۳	۳۹	۰	۰	۰	۰	۴۳	
ملک	۲	۲۱	۵	۲۲	۱۱۳	۱۱	۱۱۳	۱۴	۱۴	۱	۲	۳۵	۲۱	۱۱۳	۳۴	۱۳	۹۷	۰	۰	۰	۸۰	۰	۰	۰	۸۰	
بلاسپور	۱۲	۷	۸	۲	۳۳	۳۰	۱۳	۲	۳	۱	۲	۲۴	۱۴	۱۰	۲۵	۱۶	۳۰	۰	۰	۹۳	۲	۰	۰	۰	۹۲	
کیمری	۱۴	۲۱	۹	۲۱	۲۵	۲۳	۲۲	۳	۵	۱	۱	۲۰	۰	۲۱	۲۷	۱۵	۳۹	۰	۵	۴۶	۰	۰	۰	۰	۵۱	
سوار	۲۳	۱۰	۱۰	۰	۵	۳۲	۱۹	۳۳	۳	۰	۲	۲۳	۱۱	۲۷	۱۷	۳۰	۱۳	۰	۲	۳۲	۸	۰	۰	۱	۴۳	
ٹانڈہ	۱۳	۹	۱۲	۱۰	۸۵	[illegible]	۱۷	۹	۴	۴	۳	۱۸	۱۲	۲۶	۲۱	۳۱	۱۹	۰	۰	۲۸	۲	۰	۰	۰	۵۰	
میزان	۱۷۷	۲۳۳	۱۱۳	۱۲۳	۸۱۷	۲۷۵	۸۸۳	۱۳۹	۱۲۱	۲۸	۲۰	۲۳۱	۱۷۹	۳۹۲	۳۱۱	۳۱۵	۳۹۰	۰	۹۸	۳۷۷	۲۷۷	۰	۲	۱	۴۰۵	